کیلیفورنیا میں کم از کم اجرت

کیلیفورنیا میں، آپ کے آجر کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کو کچھ نہیں تو کم از کم اجرت یا 9.00 ڈالر فی گھنٹہ ضرور ادا کرے۔

سان فرانسیسکو میں، انجام دیئے گئے کام کی فی الحال کم از کم اجرت 10.74 ڈالر فی گھنٹہ ہے۔

اگر آپ کسی ایسے حکومتی آجر یا آجرین کے لئے کام کرتے ہیں جن کا آپ کے شہر یا ملک سے ایک خصوصی رشتہ بنتا ہے تو ایک مقامی زندگی گزارنے کی اجرت کے قانون کا اطلاق آپ پر ہو سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے ایشین لا کاؤکس (**Asian Law Caucus**) سے رابطہ کریں۔

اوور ٹائم کا نرخ

اگر آپ ایک ہفتہ میں 40 گھنٹوں سے زیادہ یا ایک دن میں 8 گھنٹوں سے زیادہ کام کرتے ہیں تو آپ کو لازماً اپنے فی گھنٹہ نرخ کے مقابلہ 1.5 زیادہ کے نرخ سے اوور ٹائم ادا کیا جانا چاہئے۔ اگر آپ ایک دن میں 12 گھنٹوں سے زیادہ کام کرتے ہیں تو آپ کو اپنے فی گھنٹہ کے نرخ سے دوگنا کے حساب سے ادائیگی کی جانی چاہئے۔

مثال کے طور پر، اگر آپ کی فی گھنٹہ اجرت 8.00 ڈالر ہے اور آپ روزانہ 13 گھنٹے کام کرتے ہیں، ہفتے میں 6 دن، تو آپ کو درج ذیل تفصیل کے مطابق ادائیگی کی جانی چاہئے:

عام نرخ	9.00 ڈالر **x** 40 گھنٹے =	**360** ڈالر
اوور ٹائم کا نرخ	9.00 ڈالر **x** 1.5 **x** 32 گھنٹے =	**432** ڈالر
ڈبل ٹائم	9.00 ڈالر **x** 2.0**x** 6 گھنٹے =	**108** ڈالر
کل مجموعی رقم		**900** ڈالر

* یہ فرض کرتے ہوئے کہ آپ نے ½ گھنٹے کا لنچ بریک حاصل کیا، جس کے لئے آپ کو ادائیگی نہیں کی گئی

اگر آپ کسی کام کے ہفتہ میں مسلسل سات دنوں تک کام کرتے ہیں تو ساتویں دن آپ کو لازما پہلے 8 گھنٹوں کے لئے آپ کے فی گھنٹہ نرخ کے مقابلہ 1.5 کے نرخ سے ادا کیا جانا چاہئے اور کسی بھی اضافی گھنٹہ کے لئے آپ کے فی گھنٹہ نرخ سے دوگنا۔

مثال کے طور پر، اگر آپ کا فی گھنٹہ نرخ 8.00 ڈالر ہے اور آپ ایک دن میں، مسلسل ہفتے کے ساتوں دن، 12 گھنٹے کام کرتے ہیں تو آپ کو درج ذیل تفصیلات کے مطابق ادائیگی کی جانی چاہئے:

عام نرخ	9.00 ڈالر **x** 40 گھنٹے =	**360** ڈالر
اوور ٹائم کا نرخ	9.00 ڈالر **x** 1.5 **x** 40 گھنٹے =	540 ڈالر
ڈبل ٹائم	9.00 ڈالر **x** 2.0**x** 4 گھنٹے =	72 ڈالر
کل مجموعی رقم		**972** ڈالر

* یہ فرض کرتے ہوئے کہ آپ نے ½ گھنٹے کا لنچ بریک حاصل کیا، جس کے لئے آپ کو ادائیگی نہیں کی گئی

نوٹ: بعض ملازمین کم از کم اجرت اور اوور ٹائم سے متعلق قوانین سے مستثنی ہیں۔ *یہ دیکھنے کے لئے* **ALC** *سے رابطہ کریں کہ آیا آپ کوئی مستثنی ملازم ہیں۔*

اضافی حقوق

حقوق سے دستبرداری ممکن نہیں: آپ کم از کم اجرت اور اوور ٹائم پانے کے اپنے حق سے دستبردار نہیں ہو سکتے۔ خواہ آپ نے کم از کم اجرت کی سطح سے کم ادائیگی وصول کرنے پر اتفاق کیا ہو، آپ کا آجر اب بھی از روئے قانون آپ کو کم از کم اجرت اور اوور ٹائم ادا کرنے کا پابند ہے۔ اس سے قطع نظر کہ آپ نے اپنے آجر کے ساتھ ان حقوق سے "دستبردار ہونے" کے لئے کوئی اتفاق کیا ہو،آپ کو حق حاصل ہے اور اجرت کا کوئی دعوی داخل کر سکتے ہیں۔

انتقامی کارروائی: کسی آجر کا اجرت کا دعوی داخل کرنے یا کم از کم اجرت یا اوور ٹائم کی اجرت کی درخواست کرنے کی وجہ سے آپ کو ملازمت سے برخاست کر دینا یا تادیبی کارروائی کرنا غیر قانونی ہے۔ اس غیر قانونی کارروائی کے بعد 6 ماہ کے اندر انتقامی کارروائی کے دعوے داخل کرنا ضروری ہے۔

کھانا/ آرام کے وقفے: آپ کو اپنے کام کے ہر ایک 4 گھنٹے کے لئے کم از کم 10 منٹ کا باتنخواہ آرام کا وقفہ حاصل کرنے کا حق ہے۔ آپ کو کام کے ہر ایک 5 گھنٹوں کے لئے کم از کم 30 منٹ کا کھانے کے لئے وقفہ لینے کا حق ہے جس کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

کھانے کے وقفے میں کام کرنا: اگر آپ کو اپنے کھانے کے وقفہ میں کام کرنا پڑتا ہے تو آپ کو "آن ڈیوٹی" کھانے کے وقفے کے عوض ادائیگی وصول کرنے کا حق ہے۔
آجر کے ذریعہ فراہم شدہ کھانے: آجر کے ذریعہ فراہم شدہ کھانوں کو کم از کم اجرت کے ضمن میں کریڈٹ نہیں کیا جا سکتا، سوائے اس کے آپ تحریری شکل میں منظوری دیں۔

اگر آپ چھوڑ دیتے ہیں یا اگر آپ کو فارغ کر دیا جاتا ہے

باقی ماندہ اجرتوں کی فوری ادائیگی: اگر آپ کو برخاست کیا جاتا ہے تو آپ کے آجر کو لازماً آپ کو تمام باقی ماندہ اجرتیں فوراً ادا کر دینی چاہئیں۔ اگر آپ بغیر نوٹس دیئے ہوئے کام چھوڑ دیتے ہیں تو آپ کا آجر آپ کی باقی ماندہ اجرتوں کی ادائیگی کے لئے 72 گھنٹوں تک کا وقت لے سکتا ہے۔

تعطیل اور چھٹی کی ادائیگی: اگر آپ سے باتنخواہ تعطیل کے وقت اور / یا چھٹی کی ادائیگی کا وعدہ کیا گیا ہے تو آپ کو لازماً ملازمت چھوڑتے وقت یا اس سے فارغ کئے جاتے وقت باقی تعطیل اور / یا چھٹی کی ادائیگی کا تناسبی شیئر ادا کیا جانا چاہئے۔

انتظار کے وقت کے جرمانے: اگر آپ کا آجر وقت پر آپ کی اجرتیں نہیں ادا کر پاتا ہے تو آپ کو انتظار کے وقت کا ایک جرمانہ ادا کیا جا سکتا ہے ،جس کی رقم ہر اس دن کے لئے جس میں آپ کی اجرتوں کی ادائیگی مؤخر ہوتی ہے اس کے برابر ایک دن کی اجرت ہوگی، حتی کہ یہ 30 دن تک پہنچ جائے۔

ریسٹورینٹ کے ملازم

اسپلٹ شفٹ: ہر ایک دن جس میں کہ آپ کسی اسپلٹ شفٹ میں کام کرتے ہیں (مثال کے طور پر، لنچ شفٹ میں کام کرنا اور پھر ڈنر شفٹ میں کام کرنے کے لئے واپس آنا)، تو آپ کم

از کم اجرت کے ایک اضافی گھنٹے کی ادائیگی پانے کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

بخشش: آپ کا آجر آپ کی بخشش کو آپ کی اجرتوں کا حصّہ مان کر آپ کی تنخواہ کم از کم اجرت سے کم نہیں کر سکتا۔

تاہم، بخشش کا اشتراک کرنا، یا بخشش کو غیر انتظامی اسٹاف کے درمیان تقسیم کرنا جائز ہے۔

تدابیر

آپ کو پچھلے 3 سالوں تک کا کم از کم اور اوور ٹائم کی اجرتوں کے لئے اپنے آجر کے خلاف انتظامی دعوی داخل کرنے کا حق حاصل ہے۔

درج ذیل کسی بھی حکومتی ایجنسیوں میں کوئی دعوی داخل کرنے کے لئے آپ کو کسی وکیل کی ضرورت نہیں ہے:

SF کی کم از کم اجرت کا حکم نامہ، جو 10.55 ڈالر فی گھنٹہ 2013 کے لئے؛ 10.74 ڈالر 2014 سے نافذ ہوگا، کی خلاف ورزیاں:

Office of Labor Standards Enforcement
City Hall, 1 Dr. Carlton B. Goodlett, Room 430
San Francisco, CA 94102
(415) 554-6292

ریاستی کم از کم اجرت اور دیگر قوانین محنت کی خلاف ورزیوں کے لئے، اس کاؤنٹی میں داخل کریں جہاں آپ نے کام کیا :

Department of Labor Standards Enforcement
(DLSE) (or, CA State Labor Commissioner)
455 Golden Gate Avenue, 10th Floor East
San Francisco, CA 94102-7001
(415) 703-4810 **(انگلش، اسپینی، کینٹونیز)**

1515 Clay Street, Suite 801
Oakland, CA 94612
(415) 622-3273

DLSE کے دیگر دفاتر کا محل وقوع جاننے کے لئے، درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں *www.dir.ca.gov/dlse/districtoffices.htm*.

وفاقی کم از کم اجرت، جو کہ فی الحال **7.25** ڈالر فی گھنٹہ ہے، کی خلاف ورزیوں کے لئے:

U.S. Department of Labor
90 7th Street, Suite 12-100
San Francisco, CA 94103
(415) 625-7720

آپ عدالت میں بھی کوئی مقدمہ دائر کر سکتے ہیں۔ چھوٹے دعوؤں والی عدالتیں 5000 ڈالر سے کم کی اجرتوں کے مقدمات میں فیصلہ کر سکتی ہیں اور فارم تیار کرنے میں آپ کی مدد کے لئے کوئی صلاح کار فراہم کر سکتی ہیں۔ آپ کو کسی وکیل کی ضرورت نہیں ہے اور چھوٹے دعوؤں والی عدالتوں میں وکیلوں کی اجازت نہیں ہے۔ آپ اپنا مقدمہ اونچی عدالت میں بھی دائر کر سکتے ہیں اگر آپ کے دعوے کی رقم 5000 ڈالر سے زیادہ ہے، لیکن عدالت میں معاونت کے لئے آپ کو ایک وکیل رکھنا چاہئے۔

قبل اس کے کوئی مسئلہ کھڑا ہو احتیاطی تدابیر کریں

اپنے آجر کو جانیں: اپنے آجر کا مکمل نام انگریزی میں جانیں، نیز اپنے کام کی جگہ کا پتہ اور ٹیلیفون نمبر معلوم کریں۔

اپنے خود کے ریکارڈز رکھیں: اپنے کام کے گھنٹوں کو ہر ایک دن کسی کلینڈر پر تحریر کریں تاکہ آپ ثابت کر سکیں کہ آپ نے کتنے گھنٹے کام کئے ہیں۔ اگر آپ اپنے آجر کو کوئی خط لکھتے ہیں اور اپنی اجرتوں کا مطالبہ کرتے ہیں تو اس خط کی ایک نقل ثبوت کے طور پر اپنے پاس رکھیں کہ آپ کا آجر جانتا تھا کہ اس کو آپ کی اجرتیں دینی ہیں۔

ضروری دستاویزات کی نقول بنائیں: آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنے تمام ٹائم کارڈز اور پے رول ریکارڈز کی ایک نقل بنوائیں، اپنی ملازمت چھوڑ دینے کے بعد بھی۔ کسی بھی ایسی چیز کی ایک نقل طلب کریں جس پر آپ سے دستخط کرنے کی درخواست کی جاتی ہے اور اپنی تنخواہ کے چیک اسٹبس اور **W-2** فارمز کی نقلیں محفوظ رکھیں۔ کسی بھی بینک کے ایسے گوشوارے کو محفوظ رکھیں جو یہ ثابت کرتے ہوں کہ آپ اپنی تنخواہ کے چیک کو بھنا نہیں سکے۔

اگر آپ کا نام دستاویز میں شامل نہیں ہے: کیلیفورنیا کے تمام ملازمین، خواہ وہ قانونی طور پر ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کام کرنے کے مجاز ہوں یا نہ ہوں، انہیں ریاستی اور وفاقی اجرت اور گھنٹوں سے متعلق احکامات کے تحت تحفظ حاصل ہے۔ خواہ آپ کا نام دستاویز میں شامل نہ ہو ،

آپ کو اجرت سے متعلق کوئی دعویٰ یا اپنی باقی ماندہ اجرتوں کے لئے مقدمہ دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔

اگر اپنے حقوق سے متعلق آپ کے پاس سوالات ہوں تو ہر ایک ماہ پہلی اور تیسری جمعرات کو **ALC** کی امپلائمنٹ کلینک میں حاضر ہونے کے لئے کوئی اپوائنٹمنٹ بک کرانے کی خاطر **(415) 896-1701** پر کال کریں۔

اپنے حقوق کی معلومات حاصل کریں:
اجرت اور گھنٹہ

ASIAN LAW CAUCUS

MEMBER OF
ASIAN AMERICAN CENTER
FOR ADVANCING JUSTICE

55 Columbus Ave.
San Francisco, CA 94111
ٹیلیفون (415) 896-1701
فیکس (415) 896-1702
www.asianlawcaucus.org

*ایشین لا کاؤکس (**Asian Law Caucus**) کا مشن ایشیائی اور پیسفک آئی لینڈ کے باشندگان کے معاشروں کے قانونی اور شہری حقوق کو فروغ دینا، آگے بڑھانا اور نمائندگی کرنا ہے۔*
یہ مانتے ہوئے کہ سماجی، اقتصادی، سیاسی اور نسلی عدم مساوات آج بھی ریاستہائے متحدہ میں موجود ہے، ایشین لا کاؤکس ہمارے سماج کے تمام سیکٹرز کو مساوات اور انصاف دلانے کے لئے پابند عہد ہے، جس میں خصوصی توجہ کم آمدنی والے ایشیائی اور پیسفک آئلینڈ کے باشندگان پر دی جاتی ہے۔

2011 © ایشین لا کاؤکس
ہم اس بروشر کی دوبارہ اشاعت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور صرف اتنی درخواست کرتے ہیں کہ دوبارہ اشاعت کے وقت ایشین لا کاؤکس کو کریڈٹ دیں۔